سوال

(809)اپنے نام کے ساتھ ''یزدانی'' کا خطاب لگا سکتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کوئی عام آدمی اپنے نام کے ساتھ ''یزدانی'' کا خطاب لگا سکتا ہے ؟ یہ لفظ کس زبان کا ہے ؟ اور اس کا مطلب کیا ہے ؟ (محمد عثمان خاں ، آئی سی ایس ۔ سال اوّل ، گورنمنٹ کالج گوجرانوالہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ لفظ فارسی ہے ۔ اگر عقیدہ توحید والا ہے اور اس لفظ سے توحید کو ہی واضح کرنا مقصود ہے تو پھر یہ نام درست ہے اور اگر اس نام سے شرک کی طرف اشارہ مراد ہو تو پھر یہ نام درست نہیں ۔ واللہ اعلم

۲۹،۱،۱۴۲۲ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص780

محدث فتویٰ